© rasailojaraid.com



# تبصرے

**اسلام اور غیر مسلم** از جناب مولانا محمد حفیظ اللہ صاحب تقطیع خورد ضخامت ۲۵۶ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد دو روپے آٹھ آنے۔ پتہ: مسلم اکاڈمی پھلواری شریف پٹنہ۔

اسلام اور مسلمانوں پر یہ پرانا اعتراض ہے کہ اسلام غیر مسلموں کے ساتھ مساویانہ برتاؤ نہیں کرتا اور مسلمانوں نے اپنی حکومت میں ان کے ساتھ نفرت و حقارت کا برتاؤ کیا ہے۔ اس اعتراض کے جواب میں مولانا محمد حفیظ اللہ صاحب نے چند سال ہوئے ایک کتاب لکھی تھی جس میں اسلامی تعلیمات، اسلامی تاریخ اور خود غیر مسلم مصنفین و محققین کے بیانات کی روشنی میں اس اعتراض کی لغویت ثابت کی تھی۔ یہ کتاب چونکہ برونت اور برمحل تھی جس کی موجودہ حالات میں ضرورت تھی۔ اس لئے بہت مقبول ہوئی اور تھوڑے ہی دنوں میں اس کے دو ایڈیشن ختم ہوگئے۔ اب یہ زیر تبصرہ کتاب اس کا تیسرا ایڈیشن ہے۔ جس میں گزشتہ ایڈیشنوں پر اضافہ بھی ہے۔ امید ہے کہ یہ تیسرا ایڈیشن بھی مقبول ہوگا اور ارباب ذوق اس کی قدر کریں گے۔ ضرورت ہے کہ اس کتاب کا ہندی ایڈیشن بھی شائع کیا جائے۔

**اسوۂ حسینی** از مولانا مفتی محمد شفیع صاحب دیوبندی تقطیع خورد ضخامت ۱۰۸ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت آٹھ آنے۔ پتہ:۔ مکتبہ دار الاشاعت۔ مقابل مولوی مسافرخانہ۔ بندر روڈ۔ کراچی ۲۰۔

حضرت امام حسین کا واقعہ شہادت جس قدر درد انگیز اور ہولناک ہے اسی قدر مسلمانوں کے لئے ایک زبردست پیغام عمل اور محرک بالفعل ہے لیکن بڑے افسوس کی بات ہے کہ عام رسومات کی طرح مسلمان یوم حسین بھی مناتے ہیں اور اس کا بڑا اہتمام کرتے ہیں لیکن ان کی زندگی میں کوئی ایسی تبدیلی پیدا نہیں ہوتی وہ جس میں اسوۂ حسینی کا عکس نظر آتا ہو۔ مولانا مفتی



© rasailojaraid.com